# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

| | | |
|---|---|---|
| جلد ۳۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴؍ ذیقعدہ سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق ۱۱؍ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء | نمبر ۲۸ |


### فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | انتظام بہ واپسی صاحب چیف سکریٹری بہادر | ۱ |
| ۲ | تقسیم کام افسری کارخانہ جات | ۲ |
| ۳ | [illegible] حفاظت و نگرانی ڈپو | 〃 |
| ۴ | نقشہ بارش | ضمیمہ |
| ۵ | نقشہ نرخنامہ اجناس | 〃 |


### روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴؍ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

چونکہ صاحبزادہ محمد عبد الصمد خان بہادر واپس آگئے ہیں لہذا جو عارضی انتظام ذریعہ روبکار اجلاس ہمایون رقمزدہ ۴؍ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء کیا گیا تھا اسکی ضرورت نہیں رہی - آیندہ صاحبزادہ محمد عبد الصمد خان بہادر چیف سکریٹری حسب سابق اپنے عہدہ کا کام انجام دین - اور محمد قمر شاہ خان بہادر عہدۂ چیف سکریٹری سے سبکدوش کر دیے گئے - وہ اپنے عہدہ جوڈیشل سکریٹری کا

جلہ کام اور منشی شیرزمان خان اپنے عہدہ ڈسٹرکٹ اور سشن جج کا جملہ کام انجام دین۔ صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر اور منشی شیرزمان خان بذریعہ روبکار ہذا خاص طور پر مجاز کیا جاتا ہے کہ

۱ - جو مقدمات عدالت جج مین صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر نے اور عدالت اعلے اپیل مین منشی شیرزمان خان نے سماعت کی ہون اور کارروائی انکی ختم ہوچکی ہو صرف فیصلہ باقی ہو انکا فیصلہ وہ خود اپنے انہین اختیارات سے کر سکین گے جو بوقت سماعت انکو حاصل تھے

۲ - اور جن مقدمات کی کارروائی غیر مختتم ہے انکی کارروائی اسی نوبت سے جہانتک وہ ہوچکے ہین منشی شیرزمان خان عدالت جج مین اور صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مقدمات عدالت اعلے اپیل مین جاری کرینگے اور کسی فریق کو یہ حق نہ رہیگا کہ مقدمات مذکورہ کی مجدداً سماعت پر اصرار کرے

ماسوا اختیارات مصرحہ بالا کے منشی شیرزمان خان کو عدالت اعلے اپیل مین اور صاحبزادہ مرزا بشیر الدین احمد خان بہادر کو عدالت ڈسٹرکٹ و سشن جج مین کوئی اختیار بعد اجرائے روبکار ہذا نہ رہیگا الا وہ جو منشی شیرزمان خان کو بابت کام عدالت اعلے اپیل ملتا تھا وہ مسدود ہو

حکم ہوا کہ

اس روبکار کا نفاذ ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء سے ہوگا۔ اور آج ہی حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

افسری کارخانہ جات کا کام جسپر منشی ہردیو پرشاد قبل از رخصت کام کرتے تھے اور انکے زمانہ رخصت مین منشی عبد القادر خان کام انجام دیتے ہین۔ اب منشی ہردیو پرشاد کے واپس کام پر آنے کے بعد وہ اور منشی عبد القادر خان دونون انجام دینگے۔ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر حسب تجویز خود کام دونون مین تقسیم کر دین۔ کاغذ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

### حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حسب منشاء اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون تقسیم کام کی بعد ہو کر دی جائیگی۔ ۷ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

نوٹ کمیٹی مشمولہ نوٹ صاحب مہتمم بندوبست بسلسلہ تحقیقات معافیات دربارہ ایزادی ذمہ داری حفاظت سرحدی وغیرہ بشرائط پدبانان سند معافی

ملاحظہ ہوا نوٹ کمیٹی کے مطابق اسناد پدبانی شرائط کا اندراج ہوتا ہے۔ کاغذات بخدمت حاکم صاحب صدر مرسل ہون۔ اور ایک نقل شرائط مع نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ کہ پرانی اسناد طلب کی جا کر ان شرائط کا اندراج کر دیا جاوے

### نقل نوٹ کمیٹی

کمیٹی کی رای مین سند پدبانان مین حسب ذیل فرائض قائم ہونا چاہئے۔

۱ - ترقی آبادی موضع اور افزونی جمعین تردد مین کوشش کرنا۔

۲ - کاشتکاران کی ارادہ فراری کی خبرگیری رکھنا اور حالات معلوم ہو جانیکے فوراً تحصیل مین اطلاع دینا۔

۳ - فصلوار گشت پڑتال کشتوار مین پٹواری کے ساتھ رہکر خسرہ گشتی کی صحت کیساتھ مرتب کرانا اور اسپر دستخط کرنا۔

۴ - درختان و لکڑی و سیوبال سرکار کی حفاظت اور نگرانی رکھنا اور اگر کہین گری پڑی لکڑی پائی جاوے تو اسکی اطلاع تحصیل مین کرنا۔

۵ - موضع کے سرحدات کی پوری حفاظت و نگرانی رکھنا تاکہ دوسرے موضع والے دبا نہ سکین۔

۶ - وقت پر آبپاشی زراعت کے لئے خاص کوشش کرنا اور اہلکار آبپاشی کی معیت مین ...

۷ - عام طور پر سرکاری احکام کی تعمیل مین بلا عذر حاضر رہکر کوشش کرنا اور تعمیل کنندگان کو جائز طور پر مدد دینا اور ممنوعات سے محترز رہنا۔ ۱۴ جون ۱۹۲۱ء

کاغذات باجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر پیش ہون۔

## نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲ر لغایتہ ۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد انگل | از جون | تعداد انگل | از جون | تعداد انگل | از جون | تعداد انگل | از جون | تعداد انگل | از جون | تعداد انگل | از جون |
| ۲ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم شنبہ | ٠ | ۱۹۲ | ٠ | ۲۲۱ | ٠ | ۱۶۲ | ٠ | ۱۲۴ | ٠ | ۱۲۸ | ٠ | ۱۳۷ |
| ۳ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم یکشنبہ | ٠ | ۱۹۲ | ٠ | ۲۲۱ | ٠ | ۱۶۲ | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | ۱۲۸ | ٠ | ۱۳۷ |
| ۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم دوشنبہ | ٠ | ۱۹۲ | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | ۱۲۴ | ٠ | ۱۲۸ | ٠ | ۱۳۷ |
| ۵ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم سہ شنبہ | ٠ | ۱۹۲ | ٠ | رر | ٠ | ۱۶۲ | ٠ | ۱۲۴ | ٠ | ۱۲۸ | ٠ | ۱۳۷ |
| ۶ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم چہارشنبہ | ٠ | ۱۹۲ | ٠ | رر | ٠ | ۱۶۲ | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | ۱۲۸ | ٠ | ۱۳۷ |
| ۷ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم پنجشنبہ | ٠ | ۱۹۲ | ٠ | رر | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | ۱۲۴ | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | نقشہ نہیں آیا |
| ۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع یوم جمعہ | ۱۰ | ۲۰۲ | ٠ | رر | ٠ | رر | ٠ | نقشہ نہیں آیا | ٠ | رر | ٠ | رر |

## نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۴ر لغایت ۱۰ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ع

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۰ ار | ۱۰۴ ار | ۱۰ ار | ۵ ار | ۴ ار | ۵ ار | |
| نخود خالص | ۱۰ ار | ۵ ار | ۱۰۵ ار | ۱۰۵ ار | ۵ ار | ۱۰۵ ار | |
| نخود مع آمیز | ۵ ار | ۱۰۵ ار | ۶ ار | ۵ ار | ۱۰۵ ار | ۵ ار | |
| جو | ۵ ار | ٠ | ۶ ار | ۶ ار | ۶ ار | ۶ ار | |
| ماش | ۱۰۴ ار | ۴ ار | ۱۰۴ ار | ۴ ار | ۴ ار | ۴ ار | |
| مونگ | ۳ ار | ۱۰۳ ار | ۱۰۳ ار | ٠ | ۳ ار | ۱۰۳ ار | |
| مکا | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | ۷ ار | ۶ ار | |
| جونی | | ٠ | ۸ ار | ۱۰۸ ار | ٠ | ۹ ار | |
| کوچنی | ۶ ار | ٠ | ٠ | ۷ ار | ۷ ار | ۶ ار | |
| مسور | ۶ ار | ٠ | ۲ ار | ۲ ار | ۶ ار | ۳ ار | |
| ارہر | ۶ ار | ٠ | ۲ ار | ۲ ار | ۶ ار | ۶ ار | |
| برنج | [illegible] | ۱۰۳ [illegible] ار | [illegible] ار | ۱۰۳ [illegible] ار | ۳ ار | ۴ ار | |
| روغن زرد | [illegible] | ۱ ار | ۱ ار | [illegible] | ۱ ار | [illegible] | |
| روغن سیاہ | ۱ ار | [illegible] ار | [illegible] ار | ۱ ار | ۱ ار | [illegible] ار | |
| روغن کنجد | ۱ ار | [illegible] ار | ۱ ار | [illegible] ار | [illegible] ار | [illegible] ار | |
| نمک سانبھر | ۱۰۳ ار | ۱۱ ار | ۱۲ ار | ۱۰ ار | ۱۰۱۰ ار | ۱۰۱۱ ار | |
| نمک لاہوری | ۱۰۵ ار | ۶ ار | ۶ ار | ۵ ار | ۱۰۶ ار | ۷ ار | |
| قند سیاہ | ۱۰۲ ار | ۲ ار | [illegible] ار | ۲ ار | ۲ ار | ۱۰۲ ار | |
| [illegible] | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | ٠ | |